
Vol. II.
No. 20




*Saturday*
*5th July, 1952*

# HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

## Official Report




CONTENTS



***Price: Eight Annas.***

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD-DN.
1953

# HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

*Saturday, 5th July, 1952*

(TWENTIETH DAY OF THE SECOND SESSION)

The House met at Two of the Clock

[MR. SPEAKER IN THE CHAIR]

## Starred Questions And Answers

*Mr. Speaker*: Let us take up questions

### *Dubbak Local Unit*

***168**: *Shri A. Gurva Reddy* (Siddipet): Will the hon. Minister for Agriculture and Supply be pleased to state:

(1) Whether there are any dues to anybody in the Dubbak Local Unit (Siddipet Taluq)?

(2) If so, what is the amount and since what date are they due?

اگریکلچر اینڈ سپلائی منسٹر (ڈاکٹر چنا ریڈی) - جی ہاں - لیکن یہ بقایا کسی خاص شخص سے وصول شدنی نہیں ہے بلکہ لوکل یونٹ سے وصول طلب ہے - رقم بقایا جو تقریباً ۱۲۰۰ سکہ عثمانیہ ہے وہ سنہ ۱۳۵۶ف تا ۱۳۵۹ف کی بابت ہے -

شری گوواریڈی - کیا یہ صحیح ہے کہ حکومت کے وہ صاحب جنکے ذمہ لوکل یونٹ تھا بھاگ گئے ہیں -

ڈاکٹر چنا ریڈی - میں نے ابھی جواب دیا ہے -

شری کے - وینکٹ رام راؤ (چنا کنڈور) - کیا وصولی کی کوئی کارروائی کی جارہی ہے ؟

ڈاکٹر چنا ریڈی - حیدرآباد کمرشیل کارپوریشن جسطرح یونٹس کا حساب دیکھکر کارروائی کرتی ہے اسی طرح عمل کیا جا رہا ہے -

شریمتی لکشمی بائی (بانسواڑہ) - کیا آنریبل منسٹر کو یہ معلوم ہے کہ حکومت لوکل یونٹس کے لئے ۱۲۰۰ روپیہ دھڑوت مانگتی ہے ، چنانچہ نظام آباد میں مل اونر کے ساتھ ایسا عمل ہوا ہے ؟

ڈاکٹر چنا ریڈی ۔ ایسا کوئی اسپیسفک کیس ( Specific Case ) میرے سامنے نہیں ہے ۔ نوٹس دیجئے ۔

شری سی ۔ ایچ ۔ وینکٹ رام راؤ ( کریم نگر ) ۔ ایسے کتنے کیسس آنریبل منسٹر کے پاس ہیں ؟

ڈاکٹر چنا ریڈی ۔ دوبا ک ( سدی پیٹھ ) کا ایک ہی کیس ہے ۔

**श्री. माणिकचंद पहाडे (फुलम्री)** : लोकल युनिटस के रुपये बाकी क्यों हैं ?

ڈاکٹر چنا ریڈی ۔ پیسے نہیں تھے اسلئے باقی ہیں ۔

**श्री.माणिकचंद पहाडे** : क्या कॉरपोरेशन के पास अुस वक्त पैसे नहीं थे ?

ڈاکٹر چنا ریڈی ۔ عام طور پر لین دین میں ایسا ہوتا ہی ہے ۔ لکھ پتی اور کروڑ پتی بھی ایسا کرتے ہیں ۔

شری جی ۔ راجہ رام ( آرمور ) ۔ مجھے اس سلسلہ میں کچھ کہنا ہے ۔ آنریبل منسٹر نے یہ کہا کہ بڑے بڑے ساہوکاروں کے پاس بھی ایسا ہوتا ہے ۔ تو کیا کمرشیل کارپوریشن بھی کوئی ساہوکاری دھندہ ہے ؟

ڈاکٹر چنا ریڈی ۔ آنریبل ممبر کو سونچ کر نتیجہ نکال لینا چاہئے ۔

شری کے ۔ وینکٹ رام راؤ ۔ کیا کمرشیل کارپوریشن کے حسابات کا ابھی تصفیہ نہیں ہوا ؟

ڈاکٹر چنا ریڈی ۔ ہورہا ہے ۔

شری کے ۔ وینکٹ رام راؤ ۔ کتنا وقت لگے گا ؟

ڈاکٹر چنا ریڈی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ بہت تھوڑے ہی عرصہ میں تصفیہ ہوجائیگا ۔

*Mr. Speaker*. Let us proceed to the next question.

## *Backward Classes*

*307. *Shri Narendra* (Karvan): Will the hon. Minister for Social Service be pleased to state:

(1) Whether a list of backward classes has been prepared by the Government?

(2) If so, what is the number of classes included in the list?

(3) What steps have been taken or are proposed to be taken by the Government to ameliorate the lot of backward classes economically, socially and educationally?

**मिनिस्टर फॉर सोशियल सर्वीस (श्री. शंकरदेव)**: प्रश्नके प्रथम विभाग का अुत्तर है. जी हां। सरकार ने बिछडी जातियों की नामावली तयार की है ।

(२) *अिसमें शेडयुल्ड ट्राअिब्स अर्थात् वन्य जाती ९, शेड्युल्ड कास्ट्स् ३२,* और बॅकवर्ड क्लासेस ५३ हैं।

(३) अिन बिछडी जातियोंके आर्थिक, सामाजिक और शैक्षणिक प्रगतीके योजनाओं को तयार करने के लिये सरकार विचार कर रही है । वरंगल में बंजारों की अपलिफ्ट (uplift) के लिये सन १९४६ अि. से काम हो रहा है। और अिनके तांडों में शिक्षा दीजारही है । अिस तरह वेलफ्लॅन्ड कोआपरेटिव्ह ऑरगनाअिजेशन और रीहॅबिलिटेशन का काम हो रहा है। अिस प्रकार नलगुंडे जिले में भी काम किया गया है। बाकी जातीयों के सिलसिले में सरकार सोंच रही है।

**श्री. नरेंद्र (कारवान)** : जो नामावली तयार की गई हैं क्या अिस की तयारी में आनरेबल मिनिस्टर ने अिन क्लासेस के लोगों की सहायता ली है ?

**श्री. शंकरदेव** : हमारी दृष्टी में बॅकवर्ड क्लासेस के जो अच्छे अच्छे नुमायंदे थे अुनको बुलाया गया और हर बॅकवर्ड क्लास के रिप्रझेंटेटिव्हज और सेन्सस कमिशनर अिस नामावली कमेटी में मौजूद थे। जिन्होंने यह नामावली बनाओी है । अगर कोओी व्यक्ति यह चाहे कि अिस नामावली में किसी और को भी लिया जाय तो अिस पर विचार किया जायेगा ।

**श्री. नरेंद्र** : क्या आनरेबल मिनिस्टर बतला सकते हैं की अिनकी शिक्षा के संबंध में क्या काम किया गया है ?

**श्री. शंकरदेव** : अभी अभी नामावली तयार की गई है। क्या क्या शिक्षा दी जायगी, अिस पर और युनिव्हर्सिटि शिक्षा पर भी विचार किया जा रहा है। जब यह निश्चित हो जायगा तो अिस के अनुसार काम किया जायगा । युनिव्हर्सिटी को आर्डर भी चले गये हैं ।

**श्री. नरेंद्र** : अिनके लिये कितना फंड बजेट में रखा गया है?

**श्री. शंकरदेव** : आप स्वयं जानते हैं कि अिस साल स्टेट का बजेट डेफिसिट में जा रहा है । अिस लिये अिस वर्ष गवर्नमेंट ऑफ अिंडिया पर निर्वंहण है।

**شری ویریندر پاٹیل** (آلند)- یونیورسٹی میں کتنے پرسنٹیج سیٹس انکے لئے رکھے گئے ہیں ؟

**श्री. शंकरदेव** : अभी अिस का तसफिया नहीं हुआ ।

**شری لکشمن کونڈا** (آصف آباد- عام) - گورنمنٹ سرویسیس میں کیا انکے ساتھ خصوصی سلوک کیا جائیگا اور کتنی سیٹس ان کے لئے ریزرو کی گئی ہیں ؟

**श्री. शंकरदेव** : अिस के बारे में गवर्नमेंट सोंच रही है ।

**श्री. नरेंद्र** : क्या यह सही है कि आनरेबल मिनिस्टर के पास भारत सरकार से सर्क्युलर आया है कि बॅकवर्ड क्लासेस को मुलाजमत में १२ प्रतिशत सीट्स दिये जायें और अिस सर्क्युलर की बिना पर आनरेबल मिनिस्टर से प्रार्थना भी की गओी थी, लेकिन अुसे अस्वीकार किया गया ?

**श्री. शंकरदेव** : बॅकवर्ड क्लासेस के संबंध में गवर्नमेंट ऑफ अिंडिया ने कोअी ऑर्डर्स नहीं दिये हैं बल्कि जो कुछ आर्डर्स हैं वे शेडुल्डकास्ट के बारे में हैं।

**شریمتی لکشمی بائی** - جو اسکالرشپ نہیں ہے کیا اس میں کچھ نمائندے بیاک ورڈ کلاسس کے بھی ہیں ؟

**श्री. शंकरदेव** : न तो स्कॉलरशिप दिया जाता है और न तो कमेटी है।

**شری مادھو راؤ نرلیکر** ( ھنکلول - محفوظ ) - بیاک ورڈ کلاسس کے لئے آنریبل منسٹر نے جو کمیٹی بنائی ہے کیا اسکے پروگرام کے بارے میں مشورہ کے لئے ان کلاسس کے نمائندوں کو بھی لیا گیا ہے ؟

**श्री. शंकरदेव** : अगर अुत्तर ध्यान से सुनते तो अवश्य अिसका जवाब मिलचुका होता।

**شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے** ( اباگوڑہ ) - آنریبل منسٹر کا جواب تھا کہ اچھے اچھے لوگوں سے مشورہ لیا گیا - اچھے اچھے لوگوں سے آنریبل منسٹر کا کیا مطلب ہے ؟

**श्री. शंकरदेव** : मै ने कहा था कि बॅकवर्ड क्लासेस के रिप्रजेंटेटिव (Representative) सेन्सेस कमिश्नर और गवर्नमेंट आफिसर्स ने यह काम किया है।

**شری لکشمن کونڈا** - آئندہ انکے حقوق کی حفاظت کے لئے کیا ایسی صلاح کار کمیٹی بنائی جائیگی جس میں بیاک ورڈ کلاسس کے بھی نمائندے ہوں ؟

**श्री. शंकरदेव** : मै अिस सजेशन का स्वागत करता हूं।

**شری ویریندر پٹیل** - بیاک ورڈ کلاسس کے ریپریزنٹیٹیوز ( Representatives ) کون ہیں اور انہیں کسنے طئے کیا ہے ؟

**श्री. शंकरदेव** : यह बात म्युच्युअली ( Mutually ) डिसाइड की गअी है। यह सवाल अैसा है कि बॅकवर्ड क्लासेस ही अिसे तय करें। बॅकवर्ड क्लासेस के बारे में तय करने के लिये रिप्रजेंटेटिव्ज बुलाये गये हैं; और रिप्रजेंटेटिव के लिये बॅकवर्ड क्लासेस को देखना पडता है। अिस लिये यह प्रश्न अैसा है कि खुद अपने अूपर ही अपने को समाप्त करता है।

**شری وی۔ ڈی۔ ڈیشپانڈے** - بیاک ورڈ کلاس کے ریپریزنٹیٹیوز بلانے کے بعد کیا انہوں نے یہ بتلایا کہ اور بھی بیاک ورڈ کلاسس ہیں ؟

**श्री. शंकरदेव** : अिन्होंने बताया भी है और मै ने सजेशन्स मांगे भी हैं जिन्हें गवर्नमेंट मानन के लिये तयार है।

**شری کے۔ وینکٹ رام راؤ** - پولیس ایکشن سے پہلے بیاک ورڈ کلاسس کی لسٹ بنائی گئی تھی - کیا یہ وہی لسٹ ہے ؟

**श्री. शंकरदेव** : अिस से भिन्न है।

**श्री. नरेंद्र** : जिस नामावली का अभी आपने जिकर किया था क्या वह पढकर सुना सकते है ?

**श्री. शंकरदेव** : यह ५३ जातीयों की लंबी लिस्ट है, पढने में देर होगी।

**श्री. नरेंद्र** : क्या वही लिस्ट है जो समाचार पत्रों में आयी थी?

**श्री. शंकरदेव** : जी हां ।

شری داجی شنکر ( عادل آباد ) - کیا گونڈوں کے لئے بھی کوئی اسکیم ہے ؟

**श्री. शंकरदेव** : यह शेडुल्ड कास्टस ट्राअिब्स में आते हैं जिनके लिये भी स्कीम है ।

شری داجی شنکر - اور لمباڑوں کے لئے ؟

**श्री. शंकरदेव** : यह फेहरिस्त शाया हुअी है। गवर्नमेंट ऑफ अिंडिया बॅकवर्ड क्लासेस की लिस्ट तयार करती है; किसी स्टेट गवर्नमेंट नहीं करती। अिस बारे में मै ने जो प्रेस नोट भेज दिया है अिस को रेफर कीजिये। यह प्रेस नोट गवर्नमेंट ऑफ अिंडिया को भी भेजा गया है। वह नोटिफाय करेगी।

شری نارائن راؤنر سنگ راؤ ( بلولی ) - بیاک ورڈ کلاسس کا کرائٹیرین ( Criterion ) کیا ہے ؟ کیا دھوبی حجام بھی اسی لسٹ میں آتے ہیں ؟

**श्री. शंकरदेव** : बॅकवर्ड क्लासेससे मुराद अैसी जातियां है जो कलचरली और अेज्यु केशन की बहुत जियादा बॅकवर्ड न हों। असल में बॅकवर्ड क्लासेस गलत फहमी पैदा करने वाला शब्द है। बॅकवर्ड क्लासेस में तीन जातीयां आती हैं। अेक वह है जो सांस्क्रुतीक दृष्टि से पीछे है। वह हैं वन्य जातीयां जिनको शेडुल्ड ट्राअिब्स कहा जाता है। अेक वह हैं जो सामाजिक दृष्टि से बिछडे हुवे हैं। वह हैं शेडयुल्ड कास्टस् जिनको अछूत जातीयां कहा जाता है। अेक वह हैं जो संस्क्रुतिक और सामाजिक दृष्टि से बहुत जियादा बिछडी नहीं हैं बल्कि जिनकी तालिमी और आर्थिक हालत पीछे है, अिनको बॅकवर्ड कहा जाता है। अिन में ५३ जातीयां हैं।

*Mr. Speaker :* When the list is published in the Gazette, the hon. Member will be in a position to know who belong to backward classes.

شری بی۔ هنمنت راؤ (ملگ) - کیا بیاک ورڈ کلاسیس کے لئے بھی کوئی ری ہیلیٹیشن اسکیم ( Rehabilitation Scheme ) ہے ؟

**श्री. शंकरदेव** : बॅकवर्ड क्लासेस के लिये रीहॅबिलिटेशन स्कीम (Rehabilitation Scheme) नहीं है।

*Mr. Speaker :* Next Question, Shri L. B. Konda.

*Loans by Government*

*282. *Shri Lakshman Konda*: Will the hon. Minister for Rural Reconstruction be pleased to state:

(1) Whether a demand has been made continuously since a long time by the Hyderabad Hand Loom Weavers' Central Co-operative Association Ltd., to the Government for either advancing a loan to the extent of Rs. 30,00,000 or to stand as security with the Banks for loans to the above extent ?

(2) If so, what steps have the Government taken in this regard ?

رورل ریکنسٹرکشن منسٹر (شری دیوی سنگھ چوھان) - پہلے حصہ کا جواب یہ ہے کہ گورنمنٹ کے پاس ایسے ڈیما نڈس آرہے ھیں - دوسرے حصہ کا جواب یہ ہے کہ گورنمنٹ اس پر غور کر رھی ہے -

شری لکشمن کونڈا - ڈیمانڈس ( Demands ) آکر کتنے مہینے ہوئے؟

شری دیوی سنگھ چوھان - مہینہ ڈیڑھ مہینہ ھوا ھوگا -

شری لکشمن کونڈا - کیا یہ صحیح ہے کہ ایسے ڈیمانڈس آکر چار چھ مہینے ہوئے ہیں اور یہ تحریری طور پر دئے گئے ھیں ؟

شری دیوی سنگھ چوھان - اخبار میں ایسے اسٹیٹمنٹس ( Statements ) آئے ھونگے -

شری لکشمن کونڈا - میں نے خود آنریبل منسٹر کو تحریری طور پر دیا ہے -

شری دیوی سنگھ چوھان - ریگولر پروسیجر ( Regular Procedure ) کے تحت آفس کی طرف سے آکر دو مہینے ھوئے ھیں -

**श्री. नरेंद्र** : क्या असमें पहले भी गवर्नमेंट की जानिब से कर्जे के तौर पर रकम लीगअी है ?

شری دیوی سنگھ چوھان - اس سے پہلے مارکیٹنگ کوآپریٹیو ڈیولپمنٹ فنڈ ( Marketing Co-operative Development Fund ) سے ساڑھے بارہ لاکھ روپیہ مختلف تواریخ میں ویورس اسوسی ایشن ( Weavers' Association ) کو دئے گئے - اور گورنمنٹ کے فینانس ڈپارٹمنٹ سے ساڑھے تین لاکھ روپیہ دئے گئے - اسکے علاوہ کوآپریٹیو ڈومینین بنک جو گورنمنٹ بنک تو نہیں ہے لیکن جو کوآپریٹیو ڈپارٹمنٹ کا ایک جزو ہے اس میں سے ۵ لاکھ روپیہ دئے گئے اور اب تک مارکٹنگ ڈیولپمنٹ فنڈ کو ساڑھے بارہ لاکھ اور کوآپریٹیو ڈومینین بنک کو ڈھائی لاکھ واپس کئے گئے ھیں -

**شری لکشمن کونڈا** - کیا یہ صحیح ہے کہ کسی سال زائد از ۳۰ ہزار سود دیا گیا ہے ؟

**شری دیوی سنگھ چوہان** - ۳۰ ہزار روپیہ ؟ ایک تاریخ کو (۸-۱۰۰-۸۱۶۶) سود وصول ہوا اور دوسری تاریخ پر (۵۰-۱۵۰-۵۵) روپیہ سود وصول ہوا ؟

**श्री. नरेंद्र** : कर्जा देते वक्त किन किन उमूरका लिहाज रखकर दिया जाता है?

**شری دیوی سنگھ چوہان** .. وہورس کے کوآپریٹیو انشورنس کے موومنٹ کو بڑھانے کے لئے دیا جاتا ہے -

**شری پاپی ریڈی** (ابراھیم پٹن - عام) - پریس نوٹ نمبر ٥ میں جو وجوھات بتائے گئے ہیں کیا اس میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ قرضہ کیوں نہیں دیا جاتا ؟

**شری دیوی سنگھ چوہان** - اس پریس نوٹ میں وجوھات نہیں بتائے گئے ہیں کہ قرضہ کیوں نہیں دیا جاتا - صرف اس میں یہ کہا گیا ہے کہ گورنمنٹ اس پر سوچ رہی ہے -

**श्री. नरेंद्र** : क्या जिस कम्युनिके में यह नहीं कहा गया है कि अकसात बाकायदा वसूल नहीं हो रहे हैं ?

**شری دیوی سنگھ چوہان** - جدید قرضے جو تین چار مرتبہ دئے گئے ہیں انکے اقساط اور ریٹس آف انٹرسٹ الگ الگ ہیں - ان میں سے ڈھائی لاکھ قرضہ واپس ہوا ہے اور سود کے طور پر (۸۰۰۰) روپیہ ملے ہیں - باقی انٹرسٹ کے انسٹالمنٹس (Instalments ڈیو ( Due ) ہیں -

**شری لکشمن کونڈا** - فینانس ڈپارٹمنٹ سے جو رقم دیگئی تھی اس کا کتنا سود دیا گیا ہے ؟

**شری دیوی سنگھ چوہان** - اس کے لئے نوٹس کی ضرورت ہے -

**شری لکشمن کونڈا** - کیا یہ صحیح ہے کہ کوآپریٹیو کا سال جون میں ختم ہوتا ہے اور اسکے بعد پے منٹ ہوا ہے ؟

**شری دیوی سنگھ چوہان** - کوآپریٹیو ایر ( Co-operative year ) جون میں ختم تو ہوتا ہے - لیکن یہ قرضہ جات مختلف ائیٹمس کے تحت دئے گئے ہیں - یہ سوال اصلی سوال سے کوئی سمبندھ نہیں رکھتا -

**شری لکشمن کونڈا** - کیا آنریبل منسٹر کے پاس اس کا کوئی ریکارڈ ہے کہ کوآپریٹیو اسوسی ایشن نے شرائط کی خلاف ورزی کی ہے ؟

**شری دیوی سنگھ چوہان** - یہ سوال متعلق........

*Mr. Speaker* : The point is, questions should be put only to get information and not to cross-examine. I want to bring this fact to the notice of the hon. Members.

*Shri Papireddy :* Press Note, May 17, 1952, is as follows :

" Steps are being taken to assess the financial position of the Association in order to ascertain whether the Association will be able to meet its liabilities as the Association has not made any payments towards principal and interest. It will not be possible to advance further loans to the Association unless it is established that the amounts advanced are being judiciously spent and profitably invested".

کیا اسکے بارے میں منسٹر صاحب صراحت کرینگے ؟

شری دیوی سنگھ چوھان - اسکے بارے میں آنریبل ممبر کیا وضاحت چاھتے ھیں ؟

شری وی ۔ ڈی ۔ ڈیشپانڈے - یہ بتایا جائے کہ جو خرچ ھو رھا ھے وہ جوڈیشیسلی ( Judiciously ) ھورھا ھے یا نہیں ؟

*Mr. Speaker* : That is the hon. Member for Ibrahimpatan's question.

شری پاپی ریڈی- اس پریس نوٹ میں یہ شبہ ظاھر کیا گیا ھے کہ یہ رقم جوڈیشیسلی خرچ نہیں ھورھی ھے - میں یہ معلوم کرنا چاھتا ھوں کہ وہ کسطرح خرچ ھو رھی ھے اور اسکے ریزنس ( Reasons ) کیا ھیں ؟

شری دیوی سنگھ چوھان - اسٹیٹمنٹ میں جو کہا گیا ھے اسپر شبہ کرنے کی ضرورت نہیں ھے - فینانشیل پوزیشن کا اسیسمنٹ ( Assessment ) کرنے کے بعد یہ دیکھا جاتا ھے کہ انکو مزید کتنا قرضہ دیا جانا چاھئے -

شری لکشمن کونڈا - سوال کا دوسرا جزو یہ ھے کہ کیا اسٹپس لئے جا رھے ھیں ؟ آنریبل منسٹر نے جواب میں کہا کہ سوچا جا رھا ھے - اگر سوچا جا رھا ھے تو کب تک سوچا جائیگا ؟

*Shri Devi Singh Chauhan* : As soon as possible. The matter will be decided.

شری اننت ریڈی ( بالکنڈہ ) - کیا آنریبل منسٹر یہ بتاسکتے ھیں کہ ویورس اسوسی ایشن کی ممبر شپ کتنی ھے ؟

شری دیوی سنگھ چوھان - اس کے لئے نوٹس کی ضرورت ھے -

**श्री. नरेंद्र** : क्या दुबारा कर्जा देनेसे पहले पिछले हिसाबात की जांच कर ली जाती है ?

شری دیوی سنگھ چوھان - کافی جانچ کرلی جاتی ھے -

**श्री. नरेंद्र** : आगे के कर्ज की तमानियत के लिये क्या शरायत मुकरर किये जाते हैं ?

*Shri Devi Singh Chauhan* : The matter is under consideration and it cannot be disclosed.

**श्री. नरेंद्र** : यह बात है तो कम्युनिके निकालनेकी क्या जरूरत थी?

**شری دیوی سنگھ چوھان** - پبلک میں شکوک و شبہات پیداھو رہے تھے - اسلئے پوزیشن کو صاف کرنے کے لئے نکالا گیا ہے -

**श्री. लक्ष्मीनिवास गनेरीवाल (रामान्नपेट)** : क्या कम्युनिके निकालने कि वजह से अुस असोसियेशन को धक्का नहीं पहुंचा ?

**شری دیوی سنگھ چوھان** - ایسا نہیں ھوا ہے -

**شری لکشمن کونڈا** - کیا یہ صحیح ھیکہ کمیونکے میں یہ جو کہا گیا ھے کہ نہ کوئی قسط دی گئی اور نہ کوئی سود دیا گیا ؟ اسکو میں نے چیلینج کیا تھا پیپر میں بھی دیا تھا اور خود آنریبل منسٹر سے بھی ملکر کہا تھا -

**شری دیوی سنگھ چوھان** - کمیونکے میں جو کچھ کہا گیا ھے وہ بڑی حدتک درست ہے -

**شری پاپی ریڈی** - مئے سنہ ۵۲ کے پریس نوٹ میں جو اسرٹین ( Ascertain ) کیا گیا ھے اسکی پوزیشن کیا ھے ؟

**شری دیوی سنگھ چوھان** - آنریبل ممبر کے سوال کو نہیں سمجھا -

*Shri Papi reddy* : I want to know whether for this year the Government has ascertained the liabilities of the Association ?

*Mr. Speaker* : Does the hon. Member mean for the period of 6 or 7 weeks ?

*Shri Papi reddy* : Yes.

**شری دیوی سنگھ چوھان** - ھر ھفتہ میں یا ھر مہینے میں کوآپریٹیو سوسائیٹی کے آڈیٹر جاکر انسپکشن نہیں کرتے بلکہ سال میں ایک مرتبہ آڈٹ ھوتی ہے -

**شری لکشمن کونڈا** - کیا گذشتہ تین مہینے کے حسابات کے رجسٹرات آنریبل منسٹر نے دیکھے ھیں ؟

*Shri Devi Singh Chauhan* : It is not a departmental official audit.

**شری پاپی ریڈی** - کیا اور بھی کچھ ایسے ویورس اسوسی ایشنس ھیں جنکو حکومت نے مدد دی ھے ؟

**شری دیوی سنگھ چوھان** - جو اسوسی ایشنس اس کے ممبرس ھیں وہ ایک یا دو ھزار ھونگے - انکو مدد دیگئی ھے -

**श्री. नरेंद्र :** क्या यह सही है कि असोसियेशन्स के मेम्बर्स को करजा न देने के सिलसिले म हुकूमतको धमकियां दी गअी हे ?

شری دیوی سنگھ چوھان - اخبارات میں کچھ ایسی باتیں آئی ھیں جن پر حکومت کو غور کرنے کی ضرورت نہیں ھے -

**श्रीं. नरेंद्र :** क्या अिसी वजेहसे हुकूमत को कम्युनिके निकालनेकी जरूरत महसूस हुअी ?

شری دیوی سنگھ چوھان - اخباروں میں کچھ شبہات کا اظہار کیا جا رھا تھا - انکو صاف کرنے کے لئے کمیونکے نکالا گیا ھے -

شری وی۔ ڈی ۔ دیشپانڈے - میرا سوال یہ ھے کہ کمیونکے جو گورنمنٹ نے نکالا ھے اس میں صاف صاف لکھا ھے کہ -

" It will not be possible to advance further loans to the Association unless it is established that the amounts advanced are being judiciously spent ".

آنریبل منسٹر سے دریافت کرنا چاھتا ھوں کہ کمیونکے میں " جوڈیشیسلی " کہا گیا ھے - کیا اسکے یہ معنی لئے جاسکتے ھیں کہ لونس ( Loans ) ٹھیک طرح سے استعمال نہیں کئے جارھے ھیں ؟

*Shri Devi Singh Chauhan* : I cannot guarantee the authenticity of the statement referred to just now. It is for the Members to form their own opinion.

*Shri V.D. Deshpande*: It pertains to the hon. Minister's own department, Rural Reconstruction Department. He should be able to throw light on that, when he is making such serious allegations.

*Shri Devi Singh Chauhan* : The hon. Members can make out from the above for themselves.

*Shri Papi Reddy* : We only understand that it is not being spent judiciously.

*Mr. Speaker* : That is a matter of opinion. Time is over. Now let us proceed to the next business.

## Business of the House

*Mr. Speaker :* The next item on the Agenda is third reading of the L. A. Bill-No. IX of 1952, the Hyderabad Abkari (Amendment) Bill of 1952.

*Dr. Chenna Reddy*: Mr. Speaker, Sir, I would like to make a statement on the floor of the House.

Under circumstances beyond our control, the Government of Hyderabad were sometime back obliged to increase the prices of foodgrains supplied to consumers. Detailed reasons for the same were given in our Press Note, dated 6-6-1952, on the subject. It will be recalled that, although prices were increased, the increase was kept to the barest minimum possible and was so worked out as to cause no increase at all in the prices of millets, which constitute the principal foodgrains consumed by the masses.

Intimation was received from the Government of India subsequently (on 17-6-1952) of a proposal under consideration to reduce the pool prices of wheat. Most of our imported wheat, however, had already arrived by the time this intimation was received, and normally the price reduction offered by the Government would not, under the circumstances, have been of any avail. The matter was taken up again with the Government of India and a request was made that the proposed price reduction should be given effect to retrospectively. The Government of Hyderabad are happy to announce that this request has been acceded to and the Government of India have given their consent to make the price reduction effective from 1st March, 1952.

The benefit of this reduction is being immediately transferred to the consumer and the prevailing prices of imported wheat, which were increased by about 33 per cent, from 8-6-1952, are being reduced by about 8%.

The subsidised price of imported wheat prior to the withdrawal of subsidies used to be I. G. Rs. 14-14-0 per maund. This, after the withdrawal of subsidies, rose to I. G. Rs. 20-8-0 per maund. The new price, information about which has just been received telegraphically from the Government of India, is I.G. Rs. 18-8-0 per maund. The selling price in Hyderabad before the withdrawal of subsidies used to be O. S. Rs. 0-8-0 per seer retail. This was increased to O.S. Rs. 0-10-8 per seer following the withdrawal of subsidies and subsequent enhancement of pool prices of imported foodgrains. The new prices, details of which are being worked out will be finalised in a couple of days and they are likely to be in the neighbourhood of As. 10 per seer. The original in crease was 33 per cent. The increase after the proposed reduction will be in the neighbourhood of 25 per cent.

Government's decision regarding the withdrawal of the compulsory lifting of wheat quota from the ration shops has also already been made known to the public.

*Mr. Speaker* : This should be placed on the table of the House.

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے۔ جو رڈکشن ( Reduction ) کیا گیا
ہے کیا وہ پرمننٹ ( Permanent ) رھیگا یا ٹمپوریری ( Temporary )؟

*Dr. Chenna Reddy* : Mr. Speaker, Sir, I think there should be no discussion on the statement made by me just now.

*Shri V. D. Deshpande* : I am asking for information.

*Shri G. Rajaram*: Will it not be possible for the hon. Minister to supply a copy of the statement ?

*Mr. Speaker* : It is placed on the table of the House. We shall now take up the third reading of L. A. Bill No. IX of 1952, a Bill to amend the Hyderabad Abkari Act, 1316 F.

## L. A. Bill No. IX of 1952, a Bill to amend the Hyderabad Abkari Act, 1316 F.

اکسائز کسٹمس اینڈ فارسٹس منسٹر (شری وینکٹ رنگا ریڈی)۔میں مسودہ قانون آبکاری نشان (۹) بابتہ سنہ ۱۹۵۲ع کی تھرڈ ریڈنگ کےلئے تحریک کرتا ہوں۔

شری پاپی ریڈی۔ مسٹر اسپیکرسر۔ میں اس بل کے بارے میں مباحث سنتا رہا۔ اب یہ بل فائینل اسٹیج پر ھے۔ اس سلسلے میں ھمیں جو آئینی پیچیدگیاں ھونگی انہیں بھی دیکھنا ھوگا۔ ھمیں یہ بھی دیکھنا ھے کہ اڈجوائیننگ پراونیسیس میں کیا عمل ھورھا ھے وھاں کا پوزیشن کیا ھے اور یہاں کا پوزیشن کیا ھے؟.........

مسٹر اسپیکر۔ میں ھاؤس کی توجہ رول (۹۷) کلاز (۳) کی طرف مبذول کراناچاھتا ھوں۔

Rule 97, clause (3) :

" (*a*) On the motion for the third reading of a Bill, only verbal amendments or amendments consequential to the amendments made in the Bill when the Bill was read clause by clause, may be moved."

" (*b*) No notice of such amendments shall be required."

" (4) If the motion for third reading is carried, the Bill shall be deemed to have been passed."

میں سمجھتا ہوں اسکو پیش نظر رکھکر ڈسکشن کیا جائے تو مناسب ہوگا ۔

شری پاپی ریڈی ۔ مسٹر اسپیکرسر ۔ اس بل کی سکنڈ ریڈنگ ہو چکی ہے اور اب یہ تھرڈ ریڈنگ کے اسٹیج پر ہے ۔ اس آخری اسٹیج پر بل میں جو خامیاں ہیں انہیں پیش نظر رکھکر سوچا جائے تو مناسب ہوگا ۔ اس کےلئے ممکن ہے زیادہ وقت لگے ۔ لیکن پوزیشن کلیر ہو جائیگا اور متصلہ پراونسس کا قانون سامنے رکھا جاسکےگا ۔

شری وینکٹ رنگاریڈی ۔ میں اسپیکر صاحب کی توجہ اس جانب دلانا چاہتا ہوں کہ اس وقت خامیوں کے متعلق بحث نہوگی ۔

مسٹر اسپیکر ۔ میں نے پہلے ہی آنریبل ممبر کو اس جانب متوجہ کیا ہے ۔

شری پاپی ریڈی ۔ جب یہ امنڈمنٹ پاس ہوکر عمل میں آئیگا تو اس وقت اسکی ورڈنگس ( Wordings ) سے جو پیچیدگیاں پیدا ہونگی میں اس بارے میں وضاحت کرونگا ۔ گورنمنٹ کا مقصد یہ ہے کہ الیسٹ لیکر ( Illicit Liquor ) کو بند کیا جائے ۔ جیسا کہ اس بل سے ظاہر ہوتا ہے اور آنریبل چیف منسٹر کے بیان سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ ناجائز شراب تیار کرنے والے کلپرٹ ( Culprit ) کو زیادہ سزا نہ دی جائے ۔ جو کنویرس ( Conveyors ) یا ڈرائیورس یا لاری اونرس ہوتے ہیں وہ ۹۰ فیصد معصوم ہوتے ہیں ۔ اگر انکی گاڑی پر کوئی شراب لیجائے تو حکومت انکی گاڑی ضبط کرلیتی ہے جسکے بارےمیں ہوسکتا ہے کہ خود انکو اسکا علم نہ ہو ۔ ایسی صورت میں میں حکومت سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ......

مسٹر اسپیکر ۔ اس اسپیچ کا یہ اسٹیج نہیں ہے ۔ وہ گزر چکا ہے ۔

شری پاپی ریڈی ۔ اس میں ایک پراویژن ہے کہ اونر عدالت میں پرووو ( Prove ) کرے ۔

مسٹر اسپیکر ۔ وہ کلاز ڈسکس ہوچکا ہے ۔ آنریبل ممبرس نے اس پر اپنے خیالات کا اظہار کیا ۔ اب ان ہی چیزوں کو بار بار ریپیٹ ( Repeat ) نہیں کیا جاسکتا ۔

شری پاپی ریڈی ۔ جب سب کچھ ہوچکا تو اب باقی کیا رہا ہے ؟

مسٹر اسپیکر ۔ میں بھی یہی کہہ رہا ہوں ۔

شری پاپی ریڈی ۔ یعنی یہ کہ اب مجھے اجازت نہیں ۔

مسٹر اسپیکر ۔ میں نے آنریبل ممبر کو رول ( ۹۷ ) کلاز (۳) پڑھکر سنایا ۔ کسی لفظی امنڈمنٹ کے بارے میں اگر ضروری ہوتو کچھ کہا جاسکتا ہے ۔

*Shri Papireddy*: Mr. Speaker, Sir, at this stage I only wish to insert a word there and without convincing my hon. Friends.—I do not think it is possible. So before I insert the word, I wish to state the reasons.

*Mr. Speaker* : What is the particular word that the hon. Member wants to insert ?

*Shri Papi Reddy* : The provision says that the owner should prove before the Court that he has prevented or taken due care in preventing········

*Mr. Speaker* : We have discussed it and it was agreed.

*Shri Papi Reddy* : If the House is of the opinion that I should not speak··········

*Mr. Speaker* : It is not a question whether the hon. Member should or should not speak, but it should be relevant, under Rule 97 (3), which I read out just now.

*Shri Papi Reddy* : I was speaking about a definite word ' prevention '.

*Mr. Speaker* : It cannot be allowed.

*Shri Papi Reddy* : Thank you very much, Sir.

شری اے ۔ راج ریڈی ( سلطان آباد ) ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ کل سے جو بحث هورهی هے اسکے متعلق میں نے یه محسوس کیا جو کار کسی چیز کو لانے کے لئے استعمال هورهی هے اسکا منشاء کامن سنس کی روسے نہیں لیا جاسکتا ۔ کل هی میں نے ایک پائینٹ آف انفرمیشن کے ذریعه سکشن (۳۹) کے کلاز (۲) کی جانب توجه دلائی تھی جس میں کہا گیا هے که
' Other conveyances used in carrying any such article '
اس میں ( in ) کا لفظ استعمال هوا هے ۔ اس لفظ کی بجائے دوسرا لفظ رکھنے کے لئے بحث هوسکتی هے ۔

*Mr. Speaker* : Does the hon. Member think that his remarks are relevant under the Rule which I have read out just now ?

*Shri A. Raja Reddy* : That is what I am thinking. Your Honour may decide it.

( in ) کی بجائے ( for ) کا لفظ استعمال کیا جائے تو اس سے آنریبل ممبر کا منشاء بھی پورا هوسکتا هے ۔ اگر آنریبل منسٹر اسکو مناسب سمجھیں تو اسپیکر صاحب اس کا تصفیه کرسکتے هیں ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ میں سمجھتا هوں که یه وربل چینج ( Verbal Change ) هے ۔

شری وینکٹ رنگا ریڈی۔ جو لفظ "in" استعمال کیا گیا ہے جب اس سے مفہوم پورا ہو رہا ہے تو اس کی بجائے دوسرا لفظ رکھنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ بل میں ("In carrying any such article") رکھا گیا ہے ۔ چونکہ شراب موٹر میں لیجائی جاتی ہے اسلئے یہ لفظ موزوں ہے ۔

*Shri L. K. Shroff* (Raichur) : Mr. Speaker, Sir, I wish to submit that the change proposed is not merely a verbal change. 'Used in' is quite different from 'used for.' 'Used for' amounts to carrying generally.

مسٹر اسپیکر ۔ یہ وربل چینج نہیں ہے، اسلئے موو کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی ۔

The Question is:

"That L.A. Bill No. IX of 1952, a Bill to amend the Hyderabad Abkari Act (No. 1 of 1316 Fasli) be read a third time and passed."

The motion was adopted.

## L. A. Bill No. XII of 1952, a Bill to amend the Hyderabad L. A. (Speaker and Deputy Speaker) Salaries Act, 1952.

*Mr. Speaker* : We shall now take up L. A. Bill No. XII of 1952, a Bill to amend the Hyderabad Legislative Assembly (Speaker & Deputy Speaker) Salaries Act, 1952.

اس بل میں آنریبل منسٹر کی جانب سے ایک ترمیم پیش ہوئی تھی وہ ترمیم موو کی گئی ۔ اس کے بارے میں یہ کہا گیا تھا کہ اس ترمیم کو ٹھیک طور پر سمجھنے کے لئے اور اس پر امنڈمنٹ پیش کرنے کے لئے موقع دیا جائے ۔اسلئے موقع دیا گیا تھا ۔

شری بی۔ ڈی۔ دیشمکھ (بھوکردن - عام) - میری جانب سے ۱۲ تاریخ کو ایک امنڈمنٹ آیا تھا ۔ اور اس سے پہلے کا ایک امنڈمنٹ ہے ۔ لیکن جو امنڈمنٹ بعد میں بھیجا گیا تھا اسکو پہلے موو کیا جا رہا ہے ۔

مسٹر اسپیکر ۔ بات یہ ہے کہ اگر یہ امنڈمنٹ (Amendment) منظور ہو جائے تو دوسرے امنڈمنٹ کے لئے کوئی گنجائش نہیں رہتی اور اگر یہ نامنظور ہوجائے تو دوسرا امنڈمنٹ باقی رہتا ہے۔ اسلئے میں پہلے امنڈمنٹ کولے رہا ہوں ۔ جو امنڈمنٹ گورنمنٹ کی طرف سے آیا ہے اس میں شری اے ۔ راج ریڈی جو امنڈمنٹ موو کرنا چاہرہے ہیں وہ یہ ہے ۔

At the end of sub-section (1) of section 4A proposed to be added by amendment No. 3 given notice of by Shri

Jagannath Rao Chanderki to clause 4 of L. A. Bill No. XII of 1952, add the following as paragraph (d) namely :—

'(*d*) And the payment of local rates and taxes of the residence and also payment of charges for the consumption of water for the garden thereof .'

جو امنڈمنٹ اوریجنل بل کے ذریعہ سے لایا گیا ہے اسکو ملاحظہ فرمائیں تو پوری وضاحت ہوجائیگی - کلاز ۴ (اے) پڑھکر سناتا ہوں -

'4 A. (1). The following charges shall be paid by the Speaker in respect of the residence and Government motor car allotted for his use under Section 4.—

(*a*) cost of petrol and oil required for the motor car ;

(*b*) charges for the consumption of electricity and water for the residence except charges for the consumption of water for the garden ; and

گویا اس امنڈ منٹ میں اس فقرہ کے اضافہ کی تحریک کی جا رہی ہے -

'And the payment of local rates and taxes of their residence and also payment of charges for the consumption of water for the garden thereof.'

اسکا منشاء یہ ہے کہ اسپیکر کو گارڈن واٹر چارجس بھی ادا کرنا پڑیگا اور میں سمجھتا ہوں کہ امنڈمنٹ پیش کرنے والے آنریبل ممبر کا مقصد بھی یہی ہے - لیکن یہ ترمیم کلاز ۴ - اے سب کلاز (بی) میں

'except charges for the consumption of water for the garden.'

کے الفاظ موجود رہتے ہوئے پیش کی جا رہی ہے اسلئے نا مناسب ہے - ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ کلاز ۴ - اے سب کلاز (بی) میں سے وہ الفاظ ڈیلیٹ کئے جاتے اور انکی بجائے ترمیم کے الفاظ بڑھائے جاتے -

اسطرح کلاز ۴ - اے ، سب کلاز (۲) کے الفاظ یہ ہیں :-

"All other charges for the maintenance and upkeep of such residence and motor car including the cost of repairs thereof, the salaries and allowances of the driver and cleaner of such motor car, rates and taxes, and all expenditure for the lay-out and maintenance of the gardens included in such residence, shall be borne by the Government."

اسکو بھی ڈیلیٹ کرنا پڑیگا - کیونکہ امنڈمنٹ میں دونوں پراویژنس ہیں - اسلئے یہ اڈمسیبل ( Admissible ) نہیں ہوتا - کیونکہ یہ دونوں اپنی جگہ قائم

رھینگے - اسلئے یہ ان کنسسٹنٹ ( Inconsistent ) ہے - اسکے ساتھ دوسری بات یہ ہے کہ یہ نگیٹیو ( Negative ) ہو جاتا ہے - ۴ (اے) کا منشاء یہ نہیں ہے - اسلئے جو امنڈمنٹ نگیٹیو کرتا ہے وہ بھی اڈمس ایبل نہیں ہوتا -

**شری اے - راج ریڈی** - جن چیزوں کی طرف توجہ دلائی گئی ہے وہ چیزیں میرے خیال میں تھیں -

'**All amendments consequential to the amendments passed**'

تھرڈ ریڈنگ کی نوبت پر لائے جاسکتے ہیں - ریٹس اور ٹیکسس کو بھی ڈیلیٹ کیا جائیگا کیونکہ یہ ان کنسسٹنٹ ( Inconsistent ) ہے - اس کے لئے بعد میں امنڈمنٹ آئیگا - تھرڈ ریڈنگ کے اسٹیج پر ہمیں موقع ملے گا - اور جو نگیٹیو کہا جا رہا ہے وہ ایسا نہیں ہے - مزید یہ کہ ۵۰۰ روپیہ ہم نے جو منظور کئے تھے ان میں ہم نے وہ آئیٹمس جو اب ترمیمی مسودہ کے ذریعہ خارج کئے جا رہے ہیں جمع کئے تھے - اس لحاظ سے وہ نگیٹیو نہیں ہے اور نہ ان کنسسٹنٹ ہے اسلئے میرا یہ خیال ہے کہ وہ اڈمس ایبل ہے -

**مسٹر اسپیکر** - کلاز تو ایک ہی ہے اسلئے اسکے متعلق دوسری چیز پر تو بحث نہیں کی جاسکتی - یہ کانسیکوئنشیل امنڈمنٹ ( Consequential amendment ) ہے -

**شری اے - راج ریڈی** - میرا ایک بنیادی عذر ہے - وہ یہ ہے -

'**By way of consequential amendment in clause (*b*) of section 4 of the Hyderabad Legislative Assembly (Speaker and Deputy Speaker) Salaries Act, 1952, for the words 'in respect of the maintenance of the residence and the motor car', substitute the following: namely—**

**"to meet the charges mentioned in sub-section (1) of section 4-A."**

صاف ظاہر ہے کہ جو بل پیش کیا گیا ہے اسکے متعلق یہ امنڈمنٹ نہیں ہے بلکہ یہ امنڈ منٹ ایکٹ کے لئے لایا گیا ہے - ایسی ترمیم بطور مسودہ بل علحدہ لائی جاسکتی ہے اور ایسا مسودہ پورے منازل کو طے کئے بغیر اس قسم کے امنڈمنٹ کے طور پر نہیں لایا جاسکتا - اس بارے میں میرا یہ خیال ہے کہ یہ بل کا امنڈمنٹ نہیں ہے بلکہ ایکٹ کا امنڈمنٹ ہے جو کہ یہاں نہیں لایا جاسکتا کیونکہ اسکو پورے منازل طئے کرنا پڑتا ہے - اسلئے یہ اوٹ آف آرڈر ہے اور اسکو قطعی رد کرنا چاہئے - میں چاہتا ہوں کہ اس بارے میں آنریبل اسپیکر اپنی رولنگ دیں -

منسٹر فار اینڈ انڈومنٹس (شری جگناتھ راؤ چنڈرکی) - اس وقت آنریبل اسپیکر کے رولنگ دینے کا کوئی سوال نہیں ہے۔ دوسری چیز میں یہ عرض کرونگا کہ کانسیکوئنشیل امنڈمنٹ کا سوال ہی نہیں ہے - مینٹیننس کی وضاحت سکشن (۳) میں تھی جو ریڈنڈنٹ (Redundant) تھی - میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ یہ امنڈمنٹ کوئی خاص اہمیت رکھنے والا یا ایکٹ کو چینج کرنے والا نہیں ہے - مینٹننس کے لفظ کو نکال دیا گیا ہے - اسلئے دونوں صورتوں میں کانسیکوئنشیل چینج (Consequential change) کے طور پر اسکو نکال دیا گیا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - ایک بہت ہی اہم قانونی پوائنٹ ہاؤس کے سامنے آرہا ہے اور اس وقت ہم نے یہ ظاہر بھی کیا تھا کہ جو امنڈمنٹ عین وقت پر آیا ہے اسکے متعلق گھر جا کر دیکھنے کے بعد ہم یہ معلوم کرسکینگے کہ آنریبل لا منسٹر کی طرف سے جو امنڈمنٹ آیا ہے وہ پہلے قانون کے متعلق ہی لایا جا رہا ہے یا نہیں - اور جیسا کہ کل دفعہ ۹۳ میں امنڈمنٹ کے بارے میں چرچا ہوئی تو آنریبل منسٹر فار اکسائز نے یہ کہا کہ جو پروسیجر ہے اسکے مطابق فلاں ایکٹ کے فلاں سکشن میں یہ نہیں آسکتا - بلکہ اس کے لئے ایک خاص منزل طئے کرنے کی ضرورت ہوتی ہے - یعنی وہ گزٹ میں شائع کیا جاتا ہے اور ہاوس میں انٹراڈیوس کیا جاتا ہے پھر امنڈنگ بل کے طور پر آتا ہے لیکن ہمارے پاس جو بل ہے وہ ایسا نہیں ہے - کیونکہ یہ دفعہ نہیں بنایا گیا - گویا ہمارے سامنے دو بل انٹراڈیوس کئے جارہے ہیں - اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ الیگل پراسس (Illegal process) ہے کیونکہ بل کے دوران ڈسکشن میں یہ امنڈمنٹ نہیں ہوسکتا - اسلئے میں چاہتا ہوں کہ آنریبل اسپیکر اس پر اپنی رولنگ دیں -

مسٹر اسپیکر - جو امنڈمنٹ آیا ہے اور اس میں شری اے - راج ریڈی کی جانب سے جو امنڈمنٹ پروپوز کیا گیا وہ چونکہ اسکے دوسرے پرویژن سے ان کنسسٹنٹ (Inconsistent) ہے اور اگر یہ امنڈمنٹ منظور ہو جاتی تو وہ پھر متضاد ہو جاتی - اسلئے میں اسکو اڈمسبل (Admissible) نہیں سمجھتا - دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ اس پر دو طریقہ سے بحث کی گئی ہے - ایک تو بحث یہ کی گئی ہے کہ اس قانون میں جو امنڈمنٹ

"By way of consequential amendment in clause (*b*) of section 4 of the Hyderabad Legislative Assembly (Speaker and Deputy Speaker) Salaries Act, 1952, for the words 'in respect of the maintenance of the residence and the motor car' substitute the following, namely:—

'To meet the charges mentioned in sub-section (1) of section 4-A."

هو رہا ہے وہ کانسی کوینشیل اسنڈ منٹ ہے ۔ بعد میں چل کر اسپیکر کو اختیار دیا گیا ہے ۔ چونکه اس سے ان کنسسٹنسی ( Inconsistency ) ظاهر هو رهی تهی اور اصل قانون میں اختلاف هو رہا تها لهذا اسکو واضح کرنیکی غرض سے یه اختیار اسپیکر کو دیا گیا ۔ اس لحاظ سے اس ایکٹ کی دفعه ۴ خود بخود معرض بحث میں آ رہی ہے اور اس قانون کی دفعه میں کوئی امنڈمنٹ نہیں کیا گیا ۔ اس وجه سے میں سمجھتا ہوں که یه اعتراض وزن دار نہیں ہے ۔ اس وجه سے میں اسکو بھی اس امنڈمنٹ کا جز مانتا ہوں ۔ اس لئے اب اسکے بارے میں بحث شروع ہوگی ۔

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے ۔ یه امنیڈنگ بل اسپیکر اور ڈیپوٹی اسپیکرس سے متعلق ہے ۔ یه چھ مہینے پہلے کا ہے ۔ میرا خیال ہے که سیالریز ایکٹ اگر اسطرح کوئی امنڈمنٹ آئیگا تو وہ ریگولر نہیں ہوگا ۔ میں سمجھنے سے قاصر ہوں که اسکو کسطرح لایا جاسکتا ہے ۔ یه امنڈمنٹ ایک پرانے ایکٹ کے بارے میں ہے جس کی نه تاریخ ہے اور نه اوس کا کوئی عنوان ہے ۔

مسٹر اسپیکر ۔ جس ایکٹ کے لئے یه امنڈمنٹ لایا گیا ہے اس میں بھی سکشن (۴) معرض بحث میں آتا ہے اس وجه سے میں سمجھتا ہوں که یه قابل اجازت ہے ۔ جو امنڈمنٹ منسٹر فار لا کی جانب سے پیش ہوا ہے اس پر کسی صاحب کو اپنے خیالات ظاہر کرنے ہوں تو کئے جائیں ۔

شری اناجی راؤ گوانے ( پربھنی )۔ کیا امنیڈ نگ بل کے امنڈمنٹ پر بحث ہوگی ؟

مسٹر اسپیکر ۔ کلاز ۴ کے امنڈمنٹ پر بحث ہوگی ۔

شری اناجی راؤ گوانے ۔ یه کہا گیا ہے که ۔

"A Bill to amend the Hyderabad Legislative Assembly (Speaker and Deputy Speaker) Salaries Act of 1952."

اور اسکے بعد ۔ کہا گیا ہے ـــ

"In line 1 of clause 4 of the said Bill"

یه سیڈ بل ( Said Bill ) کونسا بل ہوسکتا ہے ؟ اسلئے جو امنڈ منٹ لایا گیا ہے اسکو بہت ہی کلیورلی ورڈ یڈ ( Cleverly worded ) کیا گیا ہے ۔ اسکی وجه سے اگر یه ورڈنگ ( In line 1 of clause 4 of the said Bill ) ڈیلیٹ کی جائے تو اسکی کسطرح سے توضیح ہوگی اسکو میں ہاؤس کے سامنے رکھونگا ۔

شری گوپال راؤ ایکبوٹے ( چادر گھاٹ ) ۔ میرے ہاتھ میں جو ایکٹ ہے وہ ۱۹۳۲ع کا حیدرآباد ایکٹ ہے ۔ اور ہم ۱۹۵۲ع کے دور میں ہیں ۔

شری داور حسین ( نظام آباد ) ۔ " لوٹ پیچھے کی طرف اے گردش ایام تو "

مسٹر اسپیکر - مس پرنٹ ( Misprint ) هوگیا هوگا - کرکٹ ( Correct ) کردیا جائیگا -

*شری انا بی راؤ گوانے - جو امینڈنگ بل هاؤس کے سامنے پیش کیا هے اس میں جو امنڈمنٹ هیں اسکے بعد کلاز (۴) یه هوگا -

"After section 4 of the said Act, the following section shall be added namely :—

اسکے بعد کلاز نمبر (۴) نکل دیا جاتا هے اور (۴) اے ویسا هی قائم رکھا جاتا هے جیسا که امینڈنگ بل میں شامل کیا گیا هے - اور پھر ایکٹ کے سکشن (۴) سے

'In respect of the maintenance of the residence and the motor car'

ڈیلیٹ کرکے انکی بجائے یه الفاظ رکھے گئے هیں -

'To meet out the charges mentioned in sub-section(I)of section 4A.'

